## صف میں کرسی رکھنے کا طریقہ کیا ہے؟

(فتویٰ نمبر ۳۲/۹۱۶)

سوال ۵۷:۔ کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھنے کی صورت میں کرسی کا پچھلا پایا اپنی صف کے کنارے پر رکھیں یا دوسری صف میں رکھ کر سب نمازیوں کے برابر کھڑے ہوں؟

سوال ۵۸:۔ کرسی پر نماز پڑھنے کی صورت میں قیام اور رکوع کر رہے ہیں تو اس صورت میں کرسی کا پایا اگر اپنی صف سے ملا کر رکھتے ہیں تو قیام اور رکوع میں عام نمازیوں سے آگے کھڑے ہوں گے اور سجود اور قعدہ وغیرہ میں برابر ہوں گے لیکن اگر کرسی پچھلی صف میں رکھیں تو پچھلی صف والوں کو سجدہ میں مشکل ہوگی اس لئے کرسی کہاں رکھیں؟

**الجواب۔** جو حضرات شرعی عذر کی بنیاد پر بیٹھ کر نماز پڑھتے ہیں وہ اگر کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھیں تو جماعت میں شرکت کے وقت کرسی رکھنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ کرسی اس طرح رکھی جائے کہ اس کے پچھلے پائے صف میں کھڑے مقتدیوں کی ایڑیوں کے برابر ہوں تا کہ بیٹھنے کی صورت میں ان معذورین کا کندھا دیگر نمازیوں کے کندھے کے برابر اور سیدھ میں ہو لیکن اگر یہ حضرات قیام فرض نہ ہونے کے باوجود کھڑے ہو کر نماز پڑھتے ہیں اور رکوع، سجدے اور قعدے کرسی پر بیٹھ کر کرتے ہیں یا قیام اور رکوع پر قادر ہونے کی وجہ سے قیام اور رکوع باقاعدہ کرتے ہیں لیکن سجدے اور قعدے کرسی پر بیٹھ کر کرتے ہیں تو ان دونوں صورتوں میں کرسی صف میں اس طرح رکھی جائے کہ اس کے اگلے پائے صف میں کھڑے مقتدیوں کی ایڑیوں کے برابر ہوں تا کہ اس صورت میں حالتِ قیام میں ان معذورین کا کندھا دیگر نمازوں

کے کندھے کے برابر سیدھ میں ہو کیونکہ احادیث میں صف بندی اور اقامتِ صفوف کی تاکید میں کندھوں کے برابر وسیدھ میں کرنے کا بھی حکم دیا گیا ہے۔ مگر خیال رہے کہ یہ دوسری صورت محض جائز ہے افضل اور بہتر صورت وہی پہلی صورت ہے نیز اس دوسری صورت میں پچھلی صف میں کھڑے مقتدیوں کو تکلیف ہوگی یا پچھلی صف میں اس معذور شخص کی کرسی کی سیدھ میں خلا رہ جائیگا اس لئے ایسے معذورین کو پہلی صورت پر ہی عمل کرنا چاہئے تاکہ یہ قباحتیں لازم نہ آئیں، یا دوسری صورت پر عمل کرنے کے واسطے کوئی ایسی ترکیب اختیار کرنی چاہئے جس سے مذکورہ بالا قباحتیں لازم نہ آئیں۔ مثلاً جس مسجد میں معذورین کی تعداد زیادہ ہو وہاں تمام معذور افراد صف کے کسی ایک طرف ایک دوسرے کے پیچھے اپنی اپنی کرسی ذکر کردہ تفصیل کے مطابق رکھ کر اگر نماز پڑھیں گے تو یہ قباحتیں لازم نہیں آئینگی۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس صورت کو اختیار کرنے کے لئے مذکورہ احتیاط کا اہتمام کرنا ہوگا جو عام طور پر مشکل ہوتا ہے اس لئے پہلی صورت پر ہی عمل کرنے کو ہر حال میں ترجیح دینی چاہئے جو افضل بھی ہے اور قباحتوں سے بھی پاک ہے۔

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : اقيموا الصفوف وحاذوا بين المناكب والاعناق الخ ( مجمع الزوائد )